مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف و تبصرۂ کتب

جمع الوسائل فی شرح الشمائل (عربی) | تالیف الشیخ العلامہ علی بن سلطان محمد القاری ۔ صفحات ۵۰۰ ۔ قیمت درج نہیں۔ ناشر ۔ ادارہ تالیفات اشرفیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان۔

شمائل امام ترمذیؒ کی وہ گرانقدر تصنیف اور عظیم علمی ذخیرہ ہے جسے ہمیشہ اور ہر دور میں عشق و محبت اور ذوق و اشتیاق سے علمی حلقوں، دینی اور اسلامی اصحاب ذوق کا اعتبار رہا ہے ۔ اس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ مبارک، اوصاف حمیدہ، خصائل اور اخلاق و عادات سے متعلق موثق اور مستند روایات جمع کر دی گئی ہیں ۔ کتاب کو درس نظامی کے درجہ عالیہ میں نصاب میں داخل کیا گیا ہے۔ ارباب علم نے ابتدا سے روایت اس کی شرح و توضیح پر توجہ دی اور متعدد شروحات منصہ شہود پر آئیں۔ مگر جو مقام استناد قبول عام اور تحقیق و تشریح کے لحاظ سے حضرت علامہ علی قاری کی "جمع الوسائل" کو حاصل ہوا ہے وہ کسی بھی دوسری شرح کو حاصل نہ ہو سکا۔ جمع الوسائل میں علامہ قاریؒ نے متن حدیث کی شرح و تفسیر لغات کی تحقیق، روایات کی تطبیق اور احادیث سے مستفد ہونے کی تفصیل شرح و بسط سے بیان فرمائی ہے۔ جو شمائل کے طلبہ، اساتذہ اور عربی دان عام اصحاب ذوق کے لئے بے حد نافع اور مفید ہے پاکستان میں نایاب تھی، کافی عرصہ قبل مصر میں چھپی تھی ۔ جناب الحاج اسحاق صاحب مالک ادارہ تالیفات اشرفیہ اس کی فوٹو کاپی لے کر عمدہ کاغذ اور بہترین طباعت کی صورت میں منظر عام پر لے آئے ہیں ۔ جمع الوسائل کے حاشیہ پر عظیم محدث علامہ عبدالرؤف مناویؒ کی شرح بھی چڑھی ہوئی ہے ۔ ۵۰۰ صفحات کی اس ایک جلد میں اعلیٰ درجہ کے دو شروحات ارباب ذوق اور اہل علم کی خدمت میں پیش کی گئی ہیں یقیناً اہل علم اس کی بھرپور قدر کریں گے۔

معالم العرفان فی دروس القرآن | افادات حضرت مولانا صوفی عبدالحمید صاحب سواتی، ضبط و ترتیب الحاج لعل دین ایم اے ۔ صفحات ۶۸۴ ۔ قیمت ۱۰۰ روپے ۔ ناشر مکتبہ دروس القرآن ۔ محلہ فاروق گنج گوجرانوالہ۔

"معالم العرفان" حضرت العلامہ مولانا صوفی عبدالحمید صاحب مدظلہ کے درس قرآن کے ضبط و تحریر اور اشاعت کا مقبول عام سلسلہ ہے جس کی کئی ایک جلدیں اور ہر جلد کے متعدد ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ پیش نظر